حکومتِ پاکستان

(ریونیوڈویژن)

فیڈرل بورڈآف ریونیو

نوٹیفکیشن

SRO 882 (I)/2026۔— کسٹمز قواعد، 2001 میں مزید بعض ترامیم کا درج ذیل مسودہ، جسے فیڈرل بورڈآف ریونیو کسٹمز ایکٹ، 1969 (1969 کا IV) کی دفعہ 219، سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کی دفعہ 50، فیڈرل ایکسائز ایکٹ، 2005 کی دفعہ 40، اور انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (2001 کا XLIX) کی دفعہ 237 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے تجویز کرتا ہے، اُن تمام افراد کی معلومات کے لیے شائع کیا جاتا ہے جن کے اس سے متاثر ہونے کا امکان ہو۔

اور چونکہ مذکورہ دفعہ 219 کی ذیلی دفعہ (3A) کے تحت یہ ضروری ہے، اس لیے اطلاع دی جاتی ہے کہ اس پر اعتراضات یا تجاویز، اگر کوئی ہوں، بورڈ کے غور وخوض کے لیے اس نوٹیفکیشن کی سرکاری گزٹ میں اشاعت کے سات دن کے اندر ارسال کی جاسکتی ہیں۔ مذکورہ مدت کے اختتام سے قبل کسی بھی شخص کی جانب سے موصول ہونے والے اعتراضات یا تجاویز کو فیڈرل بورڈآف ریونیو زیرِ غور لائے گا، یعنی—:

مسودۂ ترامیم

مذکورہ قواعد میں، ضمیمہ III- میں، عنوان "کارگوڈیکلریشن (IGM)" کے تحت، "انڈیکس وائز معلومات" کے عنوان والی جدول میں، "Consignee City" کے کالم کے بعد درج ذیل نئے کالم شامل کیے جائیں گے، یعنی—:

NTN یا FTN	CNIC یا پاسپورٹ نمبر	
(اُن درآمد کنندگان کے لیے جنھیں متعلقہ قوانین کے تحت NTN یا FTN حاصل کرنا ضروری ہے)	(اُن معاملات کے لیے جہاں درآمد کنندگان کو قانون کے تحت NTN یا FTN درکار نہ ہو)	

2۔ تمام سمندری بندرگاہوں اور سرحدی کسٹمز اسٹیشنوں کے لیے اس نوٹیفکیشن پر عمل درآمد کی مؤثر تاریخ 15 اگست، 2026ء ہوگی۔ اس نوٹیفکیشن کی دفعات ہوائی اڈوں پر جمع کرائے گئے IGMs پر لاگو نہیں ہوں گی۔

[C. No.2(1)L&P/2026]

(زبیر شاہ)

سیکریٹری (قانون وطریقۂ کار)